E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد

بیاد
نیاز پاشا جدون

فون نمبر
0992-385577

جلد نمبر 37 | بدھ 07 جمادی الثانی 1448ھ 18 نومبر 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 252

آٹا غریب کی پہنچ سے باہر دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل

بھلڑہ (نمائندہ شمال) گورنر راج اور ایمرجنسی کے دوران خیبر پختونخوا میں آٹے کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا ساڑھے 3 ہزار روپے کا ہو گیا خیبر پختونخوا میں آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

گیس بحران، چولہے بجھ گئے، پہیہ رک گیا

بچوں کا ناشتہ متاثر، ٹرانسپورٹرز بھی پریشان، سی این جی سٹیشنز پر بھی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، شہریوں کا گورنر خیبر پختونخوا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

سرن (سٹاف رپورٹر) مانسہرہ، سی این جی بحران جانے پر مجبور جبکہ دن بھر سی این جی نہ ہونے کی شدت اختیار کر گیا، گھروں میں چولہے ٹھنڈے وجہ سے پہیہ بھی رک گیا، سی این جی سٹیشنز پر بھی پڑ گئے، سکول کے بچے صبح ناشتہ کے بغیر سکول گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، عوام پریشان حال تفصیلات کے مطابق مانسہرہ میں سی این جی کی بندش سے گھریلو صارفین پریشان ہیں سی این جی بندش سے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں، سکول کے بچے صبح گیس نہ ہونے کی وجہ سے بغیر ناشتہ کے سکول جانے پر مجبور ہیں جبکہ دن بھر گیس نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں،، سی این جی بحران شدت اختیار کر گیا، گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے، سکول کے بچے صبح (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

مانسہرہ مستحق خواتین کی مالی امداد سے غیر قانونی کٹوتیوں کی شکایات

بعض خواتین کو رات دیر تک سنٹر میں بیٹھائے رکھنے اور فی خاتون سے 500 روپے کٹوتی کی شکایات

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) BISP فرم ادائیگی سنٹرز پر مستحق خواتین کی مالی امداد سے 500 روپے فی خاتون غیر قانونی کٹوتیوں کی شکایات، تاخیر، سسٹم جیلے میں سستی، ڈیوائس میں خرابی، رات گئے خواتین کو بعض سنٹرز میں بیٹھائے رکھنے اور مستحق خواتین کی کاروائیاں و گرفتاریاں متوقع، انتظامیہ کی کاروائیاں تفصیلات کے مطابق پچھلے چار کئی سے مانسہرہ شہر آج مانسہرہ شہر و بعض محلقہ علاقوں میں مختلف مقامات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

لینڈ یوز اینڈ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کا اجلاس

لینڈ یوز اتھارٹی کے حکام کو ڈویژنل اور اضلاع کی سطح پر انتظامیہ کے مکمل تعاون کا یقین دلایا

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) کمشنر ہزارہ ڈویژن شاہ رخ علی کی زیر صدارت خیبر پختونخوا کی لینڈ یوز اینڈ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (LUBCA) کا اجلاس منگل کے روز ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں لینڈ یوز اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل حمد الرحمان، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

تجاوزات ہٹ گئیں ملبہ اٹھنے سے شہری مشکلات کا شکار

ہری پور کے بازاروں میں 23 روز سے آپریشن جاری، متاثرہ تاجروں کا ملبہ فوری اٹھانے اور کاروبار بحال کرنے کا مطالبہ

ہری پور (چیف رپورٹر) ضلع ہری پور کی تینوں تحصیلوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن 23 ویں روز بھی جاری مین بازار رحمانیہ روڈ بازار لوہاراں سائیں کیلی روڈ شکر شاہ روڈ سمیت تحصیل غازی اور خان پور میں متعدد مقامات سے چھوٹی بڑی تجاوزات ہٹا دی گئیں اندرون شہر میں تجاوزات کا ملبہ اٹھانے کا کام سست روی کا شکار ہے جس سے ہزاروں تاجروں کا روز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)



کمشنر ہزارہ شاہ رخ علی لینڈ یوز بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی خیبر پختونخوا کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہزمل عرف قاری قتل کیس نامزد ملزم 24 گھنٹوں میں گرفتار

ریتڑہ چوک میں مرغیوں کی دکان پر چھری کے وار سے نوجوان قتل، سکندر آباد پولیس نے عزیز عرف کالا کو حراست میں لے لیا

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) : تھانہ سکندر آباد پولیس کی بڑی کارروائی، مبینہ مقتول قاری کے قتل میں نامزد ملزم عزیز عرف کالا 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار! ایس ایچ او تھانہ سکندر آباد امجد سالار خان کی سربراہی میں سکندر آباد پولیس نے بروقت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا ڈی ایچ کیو ہسپتال ہریپور کا اچانک دورہ

ہسپتال کے تمام شعبہ جات اور احاطے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے

ہریپور (گل جان خان سے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈی ایچ او ڈاکٹر محسن علی ترابی نے اچانک دورہ، ڈی ایچ کیو ہسپتال ہریپور کا رات کو ہسپتال کے مختلف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)



ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد حمید اللہ خان رات گئے کاغان کیفے کے سامنے متاثرہ کلورٹ کی بحالی کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

ہزارہ ویلی صافین موبائل سروس سے محروم

آسمانی بجلی گرنے سے سچری سچاں میں جاز ٹاور جل گیا، ٹیلی نار کی مبینہ رات کی لوڈشیڈنگ نے بھی عوام کی مشکلات بڑھا دیں، صارفین کا بائیکاٹ کا انتباہ

نواز آباد سے (فاروق ترک کی رپورٹ) گزشتہ روز شدید بارش سے آسمانی بجلی گرنے سے سچری سچاں کے مقام پر جاز موبائل کمپنی کا ٹاور جل جانے سے سرن ویلی کے بالائی علاقوں یوسی سچاں اور جبڑ دیولی کے دو یونین کونسلوں میں موبائل سروس بند۔ زرائع کے مطابق مذکورہ موبائل کمپنی کی سروس شام پانچ بجے بند کر کے صبح آٹھ بجے تک کئی دنوں سے بند رکھنے کا معمول بنا لیا ہے۔ ٹاور کے درست ہونے پر تین سے چار دن مزید لگیں گے دوسری طرف جاز موبائل کمپنی کی سروس معطل ہونے کے ساتھ ساتھ ٹیلی نار موبائل کمپنی نے علاقے میں دیدہ دانستہ طور پر اپنی سروس شام پانچ بجے بند کر کے صبح آٹھ بجے تک کئی دنوں سے بند رکھنے کا معمول بنا لیا ہے۔ یونین کونسل سچاں اور جبڑ دیولی میں مزکورہ سروس بند رکھنے سے ایک بڑے علاقے کا ٹیلی فونک رابطہ بند ہونے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

مانسہرہ رات گئے سینئر پولیس افسران متحرک سرچ اینڈ انسپکشن آپریشن

ہوٹلوں میں سرچ اینڈ انسپکشن آپریشن، خلاف ورزیوں پر مقدمات درج کر لئے گئے

مانسہرہ (سپیشل رپورٹر) رات گئے سینئر پولیس افسران متحرک، ہوٹلوں میں سرچ اینڈ انسپکشن آپریشن، خلاف ورزیوں پر مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او مانسہرہ محمد وقاص خان کے احکامات پر ڈی ایس پی سرکل بالاکوٹ نے ایس ایچ او بالاکوٹ اشعر مشتاق کے ہمراہ مختلف ہوٹلوں کی چیکنگ کی اور رہائش پذیر افراد کا ریکارڈ چیک کیا۔ دوران چیکنگ رہائشیوں کا اندراج نہ کرنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)



ڈپٹی کمشنر توروغر ڈاکٹر یاسر عمران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کی زیر تعمیر عمارت کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کا فلور ملز اور فوڈ گودام حویلیاں کا دورہ اچانک دورہ

آٹے کی تیاری اور شہریوں کو سرکاری آٹے کی دستیابی سمیت انتظامات کا جائزہ لیا گیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کا فلور ملز اور فوڈ گودام حویلیاں کا دورہ اچانک دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر جنرل ماروی ملک شیر کے ہمراہ سرکاری فلور ملز کا دورہ کیا دورے کے دوران سرکاری گندم کی فراہمی، آٹے کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

ہوٹلوں میں مہمانوں کا اندراج نہ کرنے پر پولیس ایکشن

اوگی میں مختلف ہوٹلوں کی چیکنگ، ریکارڈ نامکمل اور سی سی ٹی وی کیمرے غیر فعال ہونے پر مقدمات درج

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی پی او مانسہرہ محمد وقاص خان کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوگی ملک خان افسر نے ایس ایچ او تھانہ اوگی عامر خان کے ہمراہ اوگی کے مختلف ہوٹلوں کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات سمیت رہائشیوں کے کوائف اور ہوٹل ریکارڈ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

پھلڑہ، مطلوب افراد کو قانون کے حوالہ کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، ڈی ایس پی

تھانہ کے حوالے سے کسی بھی قسم کی شکایت ہو تو آپ لوگ میرے دفتر میں آ کر بتا سکتے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) جرائم پر قابو پانے کے لیے قانون کو مطلوب افراد کو قانون کے حوالہ کرنے میں اپنا کردار ادا کریں منشیات فروشی ہوائی فائرنگ کا قلع قمع کرنے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ صداقت نثار کا عمائدین علاقہ سے تعارفی میٹنگ میں خطاب گزشتہ روز دن تین بجے ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ کے دفتر میں عمائدین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ضلعی انتظامیہ مانسہرہ کی BISP غیر قانونی کٹوتی کے خلاف کاروائی

آر ایچ سی شنکیاری میں قائم بینظیر نشوونما سینٹر کا اچانک دورہ

مانسہرہ (تفصیل رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین اور دیگر رجسٹرڈ افراد کو ملنے والی مالی امداد میں غیر قانونی کٹوتیوں کی شکایات پر ضلعی انتظامیہ مانسہرہ نے سخت کاروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر مستحقین کی رقوم سے ناجائز کٹوتیاں کرنے والے ریٹیلر کو گرفتار کر کے پولیس کے حوالے کر دیا۔ ملزم کے زیر استعمال ادائیگی کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان کا ریسکیو آفس مانسہرہ کا دورہ

تمام گاڑیوں اور امدادی آلات کو ہر وقت فعال حالت میں رکھنے کی ہدایت

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان نے ریسکیو 1122 آفس مانسہرہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ریسکیو گاڑیوں، جدید امدادی آلات اور دیگر آپریشنل سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر فہد نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے کی مجموعی کارکردگی، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)



پھلڑہ نو تعینات ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ کی صحافیوں سے تعارفی میٹنگ اور گروپ فوٹو

مانسہرہ مریضوں کی خدمت میں مصروف ملنگی بابا کے پانی کے برتن ہسپتال سے باہر

ملنگی بابا عرصہ دراز سے کنگ عبداللہ ہیچنگ ہسپتال میں آنے والے غریب، نادار اور مستحق مریضوں اور ان کے لواحقین کی خدمت کر رہے تھے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) کنگ عبداللہ ہیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں غریب اور مستحق مریضوں کی خدمت میں مصروف رستم عزیز ملنگی بابا جو رستم ویلفیئر فاؤنڈیشن کے بانی بھی ہیں، کے پانی کے برتن اٹھا کر ہسپتال سے اٹھا لیے گئے۔ عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ ایک طرف غریب مریضوں کو مفت تازہ پانی اور دیگر کھانے پینے کی اشیا فراہم کرنے والے سماجی کارکن کو ہسپتال سے باہر کر دیا گیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)



مانسہرہ، بیرسٹر سگین سلطان خان آف بیلہ پیر ڈاکٹر سعید اللہ خان، حاجی شوکت و دیگر کا تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

حویلیاں، کوہستان کا لالی پاپ دینے والوں کو عوام پہچان چکے

صوبہ خیبر پختون خواہ کے اندر تیرہ سالوں کا گند بنا ہوا ہے، مرتضی جاوید عباسی

حویلیاں (نمائندہ شمال) صوبہ خیبر پختون کے اندر 13 سالوں کا گند بنا ہوا عوام کو صرف اعلانات کا لولی پاپ دیتے رہے اقتدار کے نشے میں مست لوگوں کو عوام اب پہچان چکے ہیں سابق وفاقی وزیر مرتضی جاوید عباسی تفصیلات کے مطابق وفاقی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)



حویلیاں، سابق وفاقی وزیر مرتضی جاوید عباسی حویلیاں میں ملک حبیب الرحمٰن امجد اقبال تنولی و دیگر کے ہمراہ

گورنمنٹ ہائی سکول حویلیاں کے طلبہ کی ادبی مقابلوں میں شاندار کامیابیاں

اس موقع پر طلبہ ان کے والدین اور پوری سکول ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول حویلیاں کے طلبہ کی ادبی مقابلوں میں شاندار کامیابیاں ہونہار طلبہ نے حالیہ تحصیل و ضلعی سطح کے ادبی مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں پوزیشنز حاصل کیں اور سکول کا نام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

ڈی سی ایبٹ آباد کا رات گئے کاغان چوک کا دورہ

بحالی کا کام تیز رفتاری سے مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ مقررہ معیار کو یقینی بنایا جائے

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد حمید اللہ خان نے رات گئے کاغان کیفے کے سامنے متاثرہ کلورٹ کی بحالی کے جاری کام کا معائنہ کیا اور موقع پر تعمیر و مرمت کے کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ مواصلات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ڈی سی بٹگرام کا بازار کا دورہ، تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا جائزہ

تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران جمع ہونے والا ملبہ فوری طور پر ہٹایا جائے

بٹگرام (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر بٹگرام گوہر علی خان نے بازار کا دورہ کیا اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر کو جاری کارروائیوں، اب تک ہونے والی پیش رفت اور آپریشن کے مختلف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

ڈی سی تورغر کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کی زیر تعمیر عمارت کا دورہ

نو سال سے تعطل کا شکار منصوبے کی تکمیل آخری مراحل میں

تورغر (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر تورغر ڈاکٹر یاسر عمران نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس (DHQ) کی زیر تعمیر عمارت کا دورہ کیا۔ تعمیراتی کام گزشتہ نو سال سے تعطل کا شکار تھا۔ اس موقع پر انہوں نے جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عمارت کا باقی ماندہ کام تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

مکان برائے فروخت

رہائشی و کمرشل ضروریات کیلئے پانچ مرلہ ڈبل سٹوری مکان جملہ سہولیات گیس۔ بجلی۔ پانی سے آراستہ واقع محلہ کنگڈنز دکھلا بازار مانسہرہ برائے فروخت ہے خواہشمند رابطہ کریں۔

03428973401
03018120944

دھمتوڑ میں سوزوکی کا ٹائر پھٹ گیا، موٹر سائیکل سوار زخمی

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) دھمتوڑ کے مقام پر سوزوکی کا ٹائر اچانک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

شنکیاری سٹریٹ لائٹ کا منصوبہ تکمیل کے قریب

مانسہرہ (چیف رپورٹر) شنکیاری میں ایک کروڑ روپے کی لاگت سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)



روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے: گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس: پلاٹ نمبر 6-A سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد، فون نمبر 0992-385577، موبائل نمبر 0311-8185558، E-mail:dailyshamal1991@gmail.com website:shamal.com.pk

سوات: حاجی بابا چوک مینگورہ سوات 0946-711788

مظفر آباد: عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد 05822-446938

کراچی: امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کانڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی، فون نمبر: 021-2762266-2762241، E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد: حاجی وحید الزمان 03345008600

مانسہرہ بیورو: شہزاد جہانگیری، فون نمبر: 0300-8111316

ھری پور بیورو: 0315-5906226 جاوید عباسی، ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف: 0343-9555768 عبدالقدیر

بدھ 07 جمادی الثانی 1448ھ 18 نومبر 2026ء 2083ب

آٹا غریب کی پہنچ سے باہر، حکومتی دعوے کہاں گئے؟

روٹی انسان کی بنیادی ضرورت ہے، مگر خیبر پختونخوا میں یہی بنیادی ضرورت عام آدمی کے لیے ایک بڑا معاشی بوجھ بنتی جا رہی ہے۔ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے پہلے ہی مہنگائی کے ہاتھوں پریشان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً ساڑھے تین ہزار روپے تک پہنچ چکا ہے، جبکہ 80 کلو آٹے کی قیمت 14 ہزار روپے سے تجاوز کر رہی ہے۔ یہ صورتِ حال محض قیمتوں میں اضافے کا معاملہ نہیں بلکہ ان خاندانوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا سوال ہے جن کی آمدن پہلے ہی ضروری اخراجات پورے کرنے سے قاصر ہے۔ آٹے کی قیمت میں اضافے کے حوالے سے ڈیلرز پنجاب سے سپلائی متاثر ہونے اور قلت کو بنیادی وجہ قرار دے رہے ہیں۔ اگر واقعی سپلائی میں رکاوٹ ہے تو سوال یہ ہے کہ متعلقہ محکمے بروقت متبادل انتظامات کیوں نہیں کر سکے؟ اگر ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری اس بحران کو ہوا دے رہی ہے تو اس کے خلاف مؤثر کارروائی کہاں ہے؟ حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری صرف نرخ نامے جاری کرنے تک محدود نہیں، بلکہ بازار میں مقررہ قیمت پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی یقینی بنانا بھی ان کا فرض ہے۔ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ مہنگائی کا سب سے زیادہ بوجھ کم آمدن والے طبقے پر پڑتا ہے۔ تنخواہ دار ملازم، دیہاڑی دار مزدور، بیوہ، بزرگ اور محدود وسائل رکھنے والے خاندان اپنے ماہانہ بجٹ میں پہلے ہی خوراک، بجلی، گیس، بچوں کی تعلیم اور علاج کے اخراجات کو بمشکل سمیٹ پاتے ہیں۔ ایسے میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ان کے لیے کسی معمولی معاشی تبدیلی کے مترادف نہیں، بلکہ گھر کے دسترخوان سے ایک وقت کی روٹی کم کرنے کے فیصلے جیسی اذیت بن جاتا ہے۔ حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ عوام کو مہنگائی کے اعداد و شمار یا بیانات سے ریلیف نہیں ملتا۔ ریلیف اس وقت ملتا ہے جب بازار میں آٹا مناسب قیمت پر دستیاب ہو، سرکاری نرخوں پر عمل درآمد ہو اور ذخیرہ اندوزوں و ناجائز منافع خوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ ضلعی انتظامیہ کو چاہیے کہ آٹے کی ملوں، ڈیلرز اور مارکیٹوں میں سپلائی و قیمتوں کی روزانہ بنیادوں پر نگرانی کرے، دستیاب سرکاری و نجی ذخائر کی تفصیلات مرتب کرے اور قلت کے اسباب عوام کے سامنے لائے۔ حکومت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ پنجاب سے آنے والی سپلائی میں رکاوٹ کی وجوہات کا جائزہ لے اور ضرورت کے مطابق متبادل ذرائع سے آٹے کی فراہمی یقینی بنائے۔ اگر مسئلہ انتظامی ہے تو اسے انتظامی اقدامات سے حل کیا جائے، اور اگر پالیسی یا ترسیل کی سطح پر کوئی رکاوٹ ہے تو اسے فوری دور کیا جائے۔ محض چھاپوں، جرمانوں اور عارضی اعلانات سے بحران ختم نہیں ہوگا؛ اس کے لیے مسلسل نگرانی اور قابلِ عمل حکمت عملی درکار ہے۔ گورنر راج ہو یا منتخب حکومت، انتظامی ڈھانچہ ہو یا کوئی اور حکومتی بندوبست، عوام کے بنیادی مسائل سے لاتعلقی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اقتدار کی اصل ذمہ داری عوام کو سہولت دینا ہے، اور اس ذمہ داری کا امتحان مشکل وقت میں ہوتا ہے۔ آٹا کوئی عیش و عشرت کی شے نہیں کہ اس کی قیمت بڑھنے پر عوام خاموشی سے حالات قبول کر لیں۔ یہ ہر گھر کی بنیادی ضرورت ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر آٹے کی قیمتوں اور فراہمی کے بحران پر واضح پالیسی دے، ذمہ داروں کا تعین کرے اور عوام کو عملی ریلیف فراہم کرے۔ کیونکہ جب ایک عام شہری کے لیے اپنے بچوں کو دو وقت کی روٹی کھلانا مشکل ہو جائے تو حکومتی کارکردگی کے دعوے اپنی معنویت کھو دیتے ہیں۔ ریاست کی کامیابی بڑے اعلانات سے نہیں، عام آدمی کے دسترخوان پر موجود روٹی سے ناپی جاتی ہے۔

پاکستان: جمہوریت کے لباس میں جاگیرداروں کی بادشاہت



قاری راشد محمود

پاکستان کا سب سے بڑا المیہ یہ نہیں کہ یہاں جمہوریت کمزور ہے، بلکہ اصل المیہ یہ ہے کہ جمہوریت کے نام پر ایک ایسی موروثی حکمرانی قائم ہے جس میں اقتدار چند خاندانوں کی جاگیر، پارلیمان ان کی سیاسی پناہ گاہ، قانون ان کا ذاتی ملازم اور عام انسان محض ایک تابع دار رعیت بن کر رہ گیا ہے۔ یہاں انتخابات ہوتے ہیں، حکومتیں بدلتی ہیں، پارٹیاں اپنے نام اور نعرے تبدیل کرتی ہیں، لیکن اقتدار کے ایوانوں میں چہرے وہی رہتے ہیں۔ کبھی باپ، کبھی بیٹا، کبھی بیٹی، کبھی بھائی اور کبھی داماد۔ گویا ریاست کوئی عوامی ادارہ نہیں بلکہ چند سیاسی خاندانوں کی وراثتی جائیداد ہے، جس کی ملکیت نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہے۔

پاکستان میں فیوڈل لارڈز کی حکمرانی محض زمینوں کی ملکیت کا مسئلہ نہیں، یہ انسانی آزادی، سماجی انصاف، معاشی مساوات اور سیاسی شعور کو یرغمال بنانے کا ایک مکمل نظام ہے۔ اس نظام میں غریب انسان کی حیثیت شہری کی نہیں، بلکہ ایک ایسے مجبور مخلوق کی ہے جسے ووٹ دینے کا حق تو حاصل ہے، مگر اپنی زندگی کے فیصلے کرنے کا اختیار نہیں۔ وہ اپنے بچوں کے مستقبل، اپنی زمین، اپنی محنت، اپنی عزت اور حتیٰ کہ اپنے بنیادی حقوق کے لیے بھی طاقتور لوگوں کا محتاج ہے۔

فرانسیسی فلسفی ژاں ژاک روسو (Jean-Jacques Rousseau) نے اپنی کتاب The Social Contract میں انسانی آزادی اور سیاسی اقتدار کے بنیادی اصولوں پر سوال اٹھایا تھا۔ اس کا تصور یہ تھا کہ جائز سیاسی اقتدار عوام کی اجتماعی رضامندی سے پیدا ہوتا ہے۔ لیکن پاکستان کے جاگیردارانہ سیاسی نظام میں سوال یہ ہے کہ عوام کی رضامندی کہاں ہے؟ کیا کسی غریب کسان کا ووٹ واقعی اس کی آزاد مرضی کا اظہار ہے، جب اس کی روزی، اس کے خاندان کی سلامتی اور اس کے معاشی مستقبل پر مقامی طاقتور کا اثر موجود ہو؟ کیا بھوک، خوف، قرض اور سماجی دباؤ کے زیر اثر دیا جانے والا ووٹ حقیقی سیاسی آزادی کی علامت ہو سکتا ہے؟

یہاں جمہوریت کا سب سے بڑا مذاق یہی ہے کہ عوام کو ہر پانچ سال بعد اپنا حاکم منتخب کرنے کے لیے قطار میں کھڑا کیا جاتا ہے، مگر انہیں یہ اختیار کبھی نہیں دیا جاتا کہ وہ حکمرانی کے پورے نظام کو تبدیل کر سکیں۔ غریب آدمی ووٹ ڈالتا ہے، طاقتور آدمی حکومت بناتا ہے، سرمایہ دار پالیسیوں سے فائدہ اٹھاتا ہے اور جاگیردار اپنے اثر ورسوخ کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ انتخابات ختم ہوتے ہی عوام کی اہمیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ پھر وہی تھانے، وہی پٹوار خانے، وہی کچہریاں، وہی سفارشیں اور وہی طاقت کے سامنے جھکتی ہوئی ریاست۔

کارل مارکس (Karl Marx) نے معاشی طاقت اور طبقاتی استحصال کے تعلق کو سمجھنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے مطابق معاشی وسائل پر قابض طبقہ صرف دولت ہی نہیں بلکہ سماجی اور سیاسی اثر ورسوخ بھی حاصل کر لیتا ہے۔ پاکستان میں اس حقیقت کی خوفناک شکل دیکھی جا سکتی ہے۔ ایک طرف ایسے خاندان ہیں جن کے پاس وسیع زرعی زمینیں، کاروباری سلطنتیں، سیاسی تعلقات اور ریاستی اداروں تک رسائی ہے، دوسری طرف وہ کسان ہیں جو صدیوں سے زمین پر محنت کر رہے ہیں مگر زمین کے مالک نہیں بن سکے۔ وہ فصل اگاتے ہیں، مگر خوش حالی کسی اور کے حصے میں آتی ہے۔ ان کے ہاتھوں میں محنت کے چھالے ہیں اور طاقتوروں کے ہاتھوں میں اقتدار کی لکیریں۔

یہ کیسی ریاست ہے جہاں کسان کی محنت سے پیدا ہونے والی دولت اس کی زندگی میں خوش حالی پیدا نہیں کرتی؟ جہاں ہاری کا بچہ تعلیم سے محروم رہتا ہے، مگر جاگیردار کا بچہ اقتدار کے ایوانوں میں پہنچ جاتا ہے؟ جہاں ایک غریب شخص معمولی قرض کی عدم ادائیگی پر اپنی عزت اور آزادی کھو سکتا ہے، لیکن طاقتور طبقے کے مالی اور سیاسی معاملات برسوں تک احتساب سے محفوظ رہتے ہیں؟

پاکستان کا المیہ یہ بھی ہے کہ یہاں قانون کی کتاب سب کے لیے ایک ہونے کا دعویٰ کرتی ہے، مگر قانون تک رسائی سب کے لیے یکساں نہیں۔ غریب آدمی انصاف کے حصول کے لیے اپنی جمع پونجی، وقت اور زندگی کا ایک بڑا حصہ عدالتوں کے چکر لگاتے ہوئے ضائع کر دیتا ہے۔ طاقتور شخص کے لیے وہی قانون اکثر اثر ورسوخ، تعلقات اور وسائل کے سامنے بے بس دکھائی دیتا ہے۔ اگر انصاف خریدنے کی استطاعت رکھنے والا شخص آزاد اور انصاف کا متلاشی غریب شخص بے بس ہو تو پھر یہ کہنا کہ ریاست میں قانون کی حکمرانی قائم ہے، ایک سیاسی لطیفے سے زیادہ کچھ نہیں۔

امریکی مفکر جیمز میڈیسن (James Madison) نے اقتدار کے ارتکاز اور انسانی آزادی کے تحفظ کے حوالے سے اہم سوالات اٹھائے تھے۔ اقتدار جب چند ہاتھوں میں جمع ہو جائے تو اس کے غلط استعمال کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ پاکستان میں یہی ارتکاز سیاسی خاندانوں، معاشی اشرافیہ اور بااثر طبقوں کے درمیان ایک ایسا گٹھ جوڑ پیدا کرتا ہے جس میں عام آدمی کی آواز مسلسل کمزور ہوتی چلی جاتی ہے۔ یہ طبقہ اپنی سیاسی بقا کے لیے عوامی خدمت کی زبان استعمال کرتا ہے، مگر عملی طور پر ایسے نظام کو برقرار رکھتا ہے جس میں عوام کی محرومی اس کی سیاسی ضرورت بن جاتی ہے۔

سب سے زیادہ تکلیف دہ حقیقت یہ ہے کہ جاگیردارانہ نظام صرف زمین پر قبضہ نہیں کرتا، یہ انسان کے ذہن پر بھی قبضہ کرتا ہے۔ غریب کو یہ یقین دلایا جاتا ہے کہ اس کی غربت اس کی قسمت ہے، اس کی بے بسی اس کا مقدر ہے اور اس کی سماجی حیثیت تبدیل نہیں ہو سکتی۔ اسے سوال کرنے کے بجائے وفاداری سکھائی جاتی ہے، اپنے حقوق مانگنے کے بجائے احسان مندی کا سبق پڑھایا جاتا ہے۔ اس کی سیاسی تربیت شہری کی حیثیت سے نہیں بلکہ کسی سردار، وڈیرے، پیر یا سیاسی خاندان کے وفادار کارکن کی حیثیت سے کی جاتی ہے۔

یہاں تعلیم کی محرومی بھی محض انتظامی ناکامی نہیں بلکہ ایک گہرا سماجی المیہ ہے۔ جس معاشرے میں ہر بچے کو معیاری تعلیم میسر ہو، وہاں سوال کرنے والے ذہن پیدا ہوتے ہیں۔ سوال کرنے والا انسان اندھی تقلید نہیں کرتا، اپنے حقوق پہچانتا ہے اور طاقتور سے جواب طلب کرتا ہے۔ شاید اسی لیے ہمارے ہاں تعلیم کے بحران کو محض تعلیمی بجٹ کے اعداد و شمار سے نہیں سمجھا جا سکتا۔ یہ بحران ایک ایسے معاشرتی ڈھانچے سے بھی جڑا ہے جہاں باشعور شہری کے بجائے تابع دار انسان کو زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں غربت صرف پیسے کی کمی کا نام نہیں۔ یہ اختیار کی کمی، مواقع کی عدم دستیابی، عزت کے فقدان اور مستقبل سے محرومی کا نام بھی ہے۔ ایک ماں اپنے بچے کو بھوکا سلاتی ہے، ایک باپ روزگار کی تلاش میں اپنی عمر گزار دیتا ہے، ایک نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے سفارش کی تلاش میں در بدر پھرتا ہے اور ایک کسان اپنی ہی زمین پر اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے سے محروم رہتا ہے۔ دوسری طرف اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے لوگ ترقی، خوش حالی، عوامی خدمت اور جمہوریت کے خطبے دیتے ہیں۔ یہ خطبے سن کر کبھی کبھی محسوس ہوتا ہے کہ شاید حکمرانوں اور عوام کے درمیان صرف طبقاتی فرق نہیں، بلکہ دو مختلف دنیاؤں کا فاصلہ بھی موجود ہے۔

جان اسٹورٹ مل (John Stuart Mill) نے آزادی اور انفرادی حقوق کو مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت قرار دیا تھا۔ مگر پاکستان میں عام شہری کی آزادی اکثر طاقتور کی مرضی سے مشروط دکھائی دیتی ہے۔ اگر وہ سوال کرے تو باغی، احتجاج کرے تو شرپسند، حق مانگے تو ناشکرا اور اپنے استحصال کے خلاف آواز اٹھائے تو ریاستی نظم کے لیے خطرہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ کون سا جمہوری نظام ہے جہاں حکمرانوں سے سوال کرنا جرم سمجھا جانے لگے اور حکمرانوں کی ناکامیوں کو برداشت کرنا شہری کی ذمہ داری بنا دیا جائے؟

اصل تبدیلی اس وقت آئے گی جب زمین، تعلیم، صحت، روزگار اور انصاف پر چند خاندانوں کی بالادستی ختم ہوگی۔ جب مقامی حکومتیں حقیقی معنوں میں بااختیار ہوں گی، جب کسان کو اس کی محنت کا پورا حق ملے گا، جب پولیس اور انتظامیہ کسی سیاسی خاندان کی ملازم نہیں بلکہ قانون کی پابند ہوں گی، جب عدالت میں غریب اور امیر کے لیے انصاف کا معیار ایک ہوگا اور جب سیاست موروثی کاروبار کے بجائے عوامی خدمت کا راستہ بنے گی۔

پاکستان کو صرف حکومتوں کی تبدیلی نہیں، حکمرانی کے پورے مزاج کی تبدیلی درکار ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے اندر جمہوریت پیدا کرنا ہوگی۔ ٹکٹ، عہدے اور قیادت خاندانی وراثت کے بجائے اہلیت، کردار اور عوامی اعتماد کی بنیاد پر طے ہونے چاہییں۔ زمینوں کی غیر منصفانہ تقسیم، کسانوں کا استحصال، مزدوروں کی محرومی اور سیاسی اجارہ داری جیسے مسائل کو محض انتخابی نعروں سے حل نہیں کیا جا سکتا۔

یہ بات بھی سمجھنا ضروری ہے کہ ہر زمیندار جاگیردارانہ استحصال کا نمائندہ نہیں اور ہر سیاسی خاندان کا فرد لازماً نااہل نہیں۔ اصل تنقید اس نظام پر ہے جو پیدائشی تعلق، دولت اور طاقت کو عوامی نمائندگی کا متبادل بنا دیتا ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں اقتدار کا جواز خاندان نہیں، عوامی اعتماد اور جواب دہی ہوتی ہے۔

آج پاکستان کو ایک ایسے سماجی انقلابِ شعور کی ضرورت ہے جو عام انسان کو رعیت سے شہری، محتاج سے خودمختار اور خاموش تماشائی سے سوال کرنے والا باشعور فرد بنا دے۔ کیونکہ جس دن غریب آدمی نے اپنے ووٹ کو احسان نہیں بلکہ حق سمجھ لیا، جس دن کسان نے اپنی محنت کو کسی وڈیرے کی ملکیت سمجھنے سے انکار کر دیا اور جس دن نوجوان نے خاندانی سیاست کے سامنے اپنی صلاحیت کو ترجیح دے دی، اسی دن اس موروثی اقتدار کی بنیادیں ہلنا شروع ہو جائیں گی۔

آخر میں سوال یہ نہیں کہ پاکستان میں کتنی جمہوری حکومتیں آئیں اور کتنی چلی گئیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ ان حکومتوں کے آنے اور جانے سے عام انسان کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟ اگر ایک کسان آج بھی اپنے حق کے لیے طاقتور کے دروازے پر کھڑا ہے، اگر ایک مزدور آج بھی اپنی محنت کی پوری قیمت حاصل نہیں کر سکتا، اگر ایک نوجوان آج بھی میرٹ کے بجائے سفارش کا محتاج ہے اور اگر ایک غریب آج بھی انصاف خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو پھر جمہوریت کے تمام دعوے کس کام کے؟ جس ملک میں چند خاندان نسل در نسل حکمران بنتے رہیں اور عوام نسل در نسل محکوم، وہاں انتخابات تو ہو سکتے ہیں، مگر حقیقی جمہوریت نہیں۔

وہاں پارلیمان تو قائم ہو سکتی ہے، مگر عوامی اقتدار نہیں۔

وہاں حکمران تو پیدا ہو سکتے ہیں، مگر شہری نہیں۔

پاکستان کو اب حکمران خاندانوں کی وفاداری نہیں، عوام کی خودمختاری درکار ہے۔ کیونکہ ریاست کسی وڈیرے، جاگیردار، سرمایہ دار یا سیاسی خاندان کی جاگیر نہیں ہوتی۔

ریاست عوام کی ہوتی ہے۔ اور جس دن عوام نے اس حقیقت کو محض نعرے کے بجائے اپنے سیاسی شعور کا حصہ بنا لیا، اس دن اقتدار کے ان محلوں کی بنیادیں ضرور لرزیں گی جن کی دیواریں غریب کی محرومی، کسان کے پسینے اور مزدور کی بے بسی پر کھڑی ہیں۔

سیاست دان چلے جاتے ہیں، لیکن سیاست باقی رہتی ہے!

وقت کبھی کسی کا انتظار نہیں کرتا۔ تاریخ کے صفحات پر بڑے بڑے سیاست دانوں کے نام درج ہوتے ہیں، کوئی اقتدار کے ایوانوں تک پہنچتا ہے، کوئی وزارتوں کے مزے لیتا ہے، کوئی عوامی طاقت کے بل بوتے پر اسمبلیوں میں بیٹھتا ہے، لیکن ایک دن ایسا بھی آتا ہے کہ یہ تمام چہرے منظر سے غائب ہو جاتے ہیں۔ عہدے ختم ہو جاتے ہیں، اقتدار چھن جاتا ہے، سیاسی شخصیات رخصت ہو جاتی ہیں، مگر سیاست اپنی جگہ موجود رہتی ہے۔

سیاست دراصل کسی ایک شخص، خاندان یا جماعت کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے جو نسل در نسل آگے بڑھتا رہتا ہے۔ آج جو سیاست دان عوام کے درمیان مقبول ہے، کل شاید اس کا نام بھی سیاسی منظر نامے میں پہلے جیسا اہم نہ رہے، لیکن اس کے فیصلے، طرزِ سیاست، عوام سے کیے گئے وعدے اور دورِ اقتدار کی کارکردگی تاریخ کا حصہ بن جاتے ہیں۔

ہمارے معاشرے میں ایک بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ ہم سیاست کو شخصیات کے گرد گھما دیتے ہیں۔ کسی رہنما کی موجودگی میں اس کے نام کے نعرے لگاتے ہیں، اس کی حمایت میں اختلافات کو دشمنی بنا لیتے ہیں اور بعض اوقات اپنے ہی معاشرتی تعلقات کو سیاسی وابستگیوں کی بھینٹ چڑھا دیتے ہیں۔ لیکن جب وہی سیاست دان اقتدار سے باہر ہوتا ہے تو اکثر وہ لوگ بھی اس سے دور ہو جاتے ہیں جو کبھی اس کے گرد حصار بنائے رکھتے تھے۔

سیاست دانوں کو بھی یہ حقیقت سمجھنی چاہیے کہ



اقتدار ہمیشہ کے لیے نہیں ہوتا۔ عوام کی محبت، اعتماد اور عزت کسی عہدے کی محتاج نہیں۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ ایک سیاست دان اپنے دور میں عوام کے لیے کیا چھوڑ کر جاتا ہے؟ کیا اس نے اداروں کو مضبوط کیا؟ کیا اس نے علاقے کے مسائل حل کیے؟ کیا اس نے نوجوان نسل کے لیے بہتر راستے کھولے؟ یا صرف اپنے اقتدار اور سیاسی تشہیر کو ہی اپنی کامیابی سمجھتا رہا؟

سیاست میں اختلاف ضرور ہونا چاہیے، مگر ذاتی دشمنی نہیں۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں جمہوری نظام کا حصہ ہیں۔ آج ایک جماعت اقتدار میں ہے تو کل دوسری بھی آ سکتی ہے۔ آج کوئی حکمران ہے تو کل عام شہری بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد، جمہوری اقدار اور اداروں کے احترام کو ترجیح دینا وقت کی ضرورت ہے۔

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ سیاست دان وقتی ہوتے ہیں، مگر ان کے اچھے یا برے فیصلوں کے اثرات دیر تک باقی رہتے ہیں۔ شخصیات بدلتی رہتی ہیں، جماعتیں آتی جاتی رہتی ہیں، حکومتیں بنتی اور ٹوٹتی رہتی ہیں، لیکن سیاست کا سفر جاری رہتا ہے۔

آخر میں سوال یہ نہیں کہ کون سا سیاست دان کتنے عرصے تک اقتدار میں رہا، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ اس کے جانے کے بعد عوام اسے کن الفاظ میں یاد کرتے ہیں؟ کیونکہ اقتدار کی کرسی انسان کو عہدہ تو دے سکتی ھے، مگر تاریخ میں مقام صرف کردار، خدمت اور عوامی اعتماد سے ملتا ھے۔ سیاست دان چلے جاتے ھیں، لیکن سیاست رہ جاتی ھے۔ اس لیئے سیاست کو شخصیات کی غلامی سے نکال کر عوامی خدمت، اصولوں اور اجتماعی مفاد سے جوڑنا ہوگا۔

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال میں لگا کچرا ڈسپوزل پلانٹ انسانی صحت کے لیے خطرہ

تحریر: شیخ نزیر مانسہرہ

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں رہائشی آبادی کے قریب قائم کچرا ڈسپوزل پلانٹ شہریوں کے لیے تشویش کا باعث بن گیا ہے۔ ہسپتال میں استعمال ہونے والی سرنجیں، لیبارٹری کا فضلہ، خون آلود طبی سامان اور دیگر متعدی نوعیت کے مواد کو تلف کرنے کے لیے قائم اس پلانٹ کا رہائشی آبادی کے قریب ہونا انسانی صحت اور ماحول کے حوالے سے کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان سے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم عوامی مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کچرا ڈسپوزل پلانٹ کو رہائشی آبادی سے دور

پلانٹ میں ہسپتال کی لیبارٹریوں سے نکلنے والا فضلہ، استعمال شدہ سرنجیں، خون آلود سامان اور دیگر طبی اشیا تلف کی جاتی ہیں۔ اگر اس نوعیت کے فضلے کو مناسب سائنسی طریقہ کار، حفاظتی انتظامات اور ماحولیاتی اصولوں کے



مطابق تلف نہ کیا جائے تو اس سے انسانی

رہائشی آبادی کے قریب طبی فضلہ جلانے پر شہریوں سخت ذہنی کرب کا شکار

کسی محفوظ اور موزوں مقام پر منتقل کیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال ضلع مانسہرہ کا ایک بڑا طبی مرکز ہے جہاں روزانہ سینکڑوں مریض علاج معالجے کے لیے آتے ہیں، جبکہ ہسپتال کے اطراف میں رہائشی آبادی بھی موجود ہے ایسے میں طبی فضلہ تلف کرنے کے پلانٹ کو آبادی کے قریب قائم کرنا اور وہاں سے خارج ہونے والے دھوئیں اور بدبو کے حوالے سے شہریوں کی شکایات انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق مذکورہ

صحت اور ماحول کو نقصان پہنچنے کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ پلانٹ سے اٹھنے والی بدبو اور دھوئیں کے باعث قریبی آبادی کے مکینوں کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک بڑے سرکاری ہسپتال میں طبی فضلہ تلف کرنے کے پلانٹ کا رہائشی آبادی کے قریب ہونا متعلقہ اداروں کی توجہ کا متقاضی ہے۔ خصوصاً بچے، بزرگ اور پہلے سے بیمار افراد فضائی آلودگی اور بدبو سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ کیا اس پلانٹ کے دھوئیں، فضلے کو جلانے کے طریقہ کار اور ماحولیاتی اثرات کا باقاعدہ جائزہ لیا گیا ہے؟ کیا پلانٹ میں جدید فلٹریشن سسٹم اور دیگر حفاظتی انتظامات موجود ہیں؟ اور کیا متعلقہ ماحولیاتی اداروں نے اس مقام پر طبی فضلہ تلف کرنے کی اجازت اور انتظامات کا معائنہ کیا ہے؟

شہریوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان، محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ ماحولیاتی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال کے کچرا ڈسپوزل پلانٹ کا معائنہ کریں، وہاں طبی فضلہ تلف کرنے کے طریقہ کار، دھوئیں کے اخراج اور ماحولیاتی حفاظتی انتظامات کی جانچ پڑتال کروائیں اور ماہرین کی رپورٹ کی روشنی میں ضروری اقدامات اٹھائیں۔ شہریوں کا مزید مطالبہ ہے کہ اگر پلانٹ کے موجودہ مقام کو انسانی صحت اور ماحول کے لیے ناموزوں قرار دیا جائے تو اسے رہائشی آبادی سے دور کسی مناسب، محفوظ اور باقاعدہ منظور شدہ مقام پر منتقل کیا جائے تاکہ ہسپتال کے طبی فضلے کو بھی سائنسی بنیادوں پر تلف کیا جا سکے اور قریبی آبادی کے مکینوں کو بھی ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ سے اپیل کی ہے کہ اس معاملے کو محض ایک انتظامی مسئلہ سمجھ کر نظر انداز نہ کیا جائے بلکہ انسانی زندگی، شہریوں کی صحت اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری عملی اقدامات کیے جائیں، کیونکہ صحت کے مرکز کے قریب رہنے والے شہریوں کو صاف فضا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا بھی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔

آہ! ایک عظیم دور کا خاتمہ ... تحریر محمد سعید پھلڑہ

امیرِ تبلیغی جماعت، شیخ الحدیث حضرت مولانا



نذر الرحمان صاحب رحمۃ اللہ علیہ قضائے الٰہی سے اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے ہیں۔ دینِ مبین کی ترویج و اشاعت، دعوت و تبلیغ اور اصلاحِ امت کے لیے آپ کی گراں قدر خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ اللہ رب العزت نے آپ سے دین کا بہت بڑا کام لیا۔ ایسی عبقری شخصیات کا دنیا سے رخصت ہو جانا پوری امتِ مسلمہ اور بالخصوص تبلیغی اقدار سے جڑے وابستگان کے لیے ایک ناپایاں اور ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔

آپ کی پوری زندگی دینِ اسلام کی سربلندی اور اخلاص وللّٰہیت کا عملی نمونہ تھی۔

اللہ تعالیٰ حضرت والا کے درجات بلند فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان بالخصوص جملہ لواحقین اور امتِ مسلمہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

آمین۔ دعاؤں میں یاد رکھیں:

مدرسین، طلبا اور وابستگان تبلیغی جماعت



بعدالت جناب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر/کلکٹر صاحب مانسہرہ

محمد یعقوب ولد صوبہ قوم گجر سکنہ محلہ پنکیاں تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ (اپیلانٹ)

بنام

مسماۃ حمیدہ بیگم بیوہ محمد نیاز، مسماۃ بشریٰ بی بی دختر سلطان محمد، محمد عاصم ولد صادق، محمد ساجد حسین ولد محمد صادق حسین، محمد صادق ولد گل حسن ساکنان کھواڑی تحصیل و ضلع مانسہرہ، منیر حسین ولد روشن خان (متوفی) بذریعہ قائمقامان ساجدہ کلثوم بیوہ منیر حسین، محمد نعیم ولد چیبن زیب، محمد منصف خان، محمد معروف خان، محمد ریاض پسران شیر زمان، اورنگزیب، شمریز خان، جان محمد، ملک آمان پسران خانیز مان، محمد سعید ولد محمد پرویز، ذوالفقار احمد، محمد عاقب پسران منظور احمد، لعل خان ولد فضل الرحمٰن ساکنان کھواڑی تحصیل و ضلع مانسہرہ، عابدہ کلثوم، فوزیہ کلثوم، حناء بی بی دختران سلطان محمد، محمد النساء دختر محمد حسن، محمد صادق پسر، مسماۃ حکم جان، نسیم اختر دختران غلام حسین، دوست محمد ولد بہادر، جہانداد، پیر محمد پسران، مسماۃ گلاب نور، محمد النساء دختران دوست محمد، مسماۃ سلمیٰ بیوہ محمد عادل، نعمان، صابر پسران، مسماۃ بشریٰ دختر محمد صابر، مسمیاۃ بی بی زہرہ بیوہ، مسماۃ آمنہ دختر محمد یوسف، مسماۃ گل فروشاں، مسماۃ زمرد دختران گل حسن، گلفام روشن پسر، مسماۃ غزالہ، مسماۃ فوزیہ، مسماۃ ثوبیہ دختران محمد روشن خان، محمد ثاقب، عابد، عاصم پسران، مسماۃ عالیہ رانی دختر محمد صادق، مسماۃ زیتون بیوہ، محمد طارق، محمد صابر، بابر حسین، باسط علی پسران، مسماۃ نصرت، مصرت بی بی، ارم بی بی، کوثر بی بی، سفینہ بی بی دختران محمد فرید ساکنان کھواڑی تحصیل و ضلع مانسہرہ (رسپانڈنٹس)

مقدمہ عنوان بالا میں مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 24-11-2026 کو اصالتاً، وکالتاً، مختیارتاً یا جیسی بھی صورت ہو حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط حاکم / مہر عدالت

اطلاع عام

میرے نانا محمد عرفان ولد حاجت خان قوم سواتی موضع نوکوٹ میں اراضی کے مالک تھے جو کہ فوت ہو چکے ہیں جنکے شرعی ورثاء میں مسماۃ گلونہ بیگم زوجہ محمد عرفان (بیوہ) زندہ، امجد علی، ساجد علی (پسران)، مسماۃ نگہت آراء، مسماۃ تہمینہ ناز، مسماۃ منیبہ ناز، مسماۃ فرح ناز دختران محمد عرفان اور ماجد ولد سردار عالم نواسہ شامل ہیں۔ انکے علاوہ کوئی شرعی وارث نہ ہے

ماجد ولد سردار عالم قوم گجر ساکنہ نوکوٹ تحصیل بفہ پکھل ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

میری حقیقی والدہ کلثوم بی بی زوجہ محمد رفیق دختر محمد یوسف قوم کھکھر فوت شدہ ہیں جنکے شرعی ورثاء میں محمد رفیق (خاوند متوفیہ) محمد بشیر، شبیر احمد پسران و مسماتان بی بی ناز مین، نوشین بی بی دختران محمد رفیق وارثان ہیں انکے علاوہ کوئی شرعی وارث زندہ یا مردہ نہ ہے کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو پٹواری حلقہ/تحصیلدار مانسہرہ سے رجوع کریں۔

المشتہر پسر متوفی، شبیر احمد ولد محمد رفیق ساکنہ تاجل، نوکوٹ تحصیل بفہ پکھل ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

قریشی دختر بہادر خان زوجہ محمد سلطان خان فوت ہو چکی ہے جسکے شرعی ورثاء میں محمد سلطان (خاوند) مسمیان عظیم خان، احسان اللہ، محمد ایاز خان پسران اور مسماتان گل پرویز، تاجب بی بی، آمنہ عبدالسلام دختران ہیں انکے علاوہ کوئی وارث نہ ہے عذر اعتراض کی صورت میں حلقہ پٹوار ابل سے رابطہ کریں۔

عظیم خان ولد محمد سلطان خان سنگڑائی بٹل مانسہرہ 0315-2881432

اطلاع عام

